# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

Roll No. …………….

**M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022**

**Subject: Islamic Studies** **Paper: II-N-15 (Dawah Tul Irshad) New Course** **Time: 3 Hrs.** **Marks: 75**

نوٹ: کل چار سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ پہلے سوال کے پندرہ اور باقی سوالات کے بیس، بیس نمبر ہیں۔

**سوال نمبر 1:** کوئی سے دس سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (15)

(الف) صلح حدیبیہ کب ہوئی اور اس کا معاہدہ کس صحابی نے لکھا؟

(ب) دعوت کے موضوع پر کوئی آیت تحریر کریں۔

(ج) غار حرا اور غار ثور کی وجہ شہرت بیان کریں۔

(د) یہود کے خلاف کوئی سے دو غزوات کے نام تحریر کریں۔

(ھ) دعوت کے لفظی اور اصطلاحی معنی بیان کریں۔

(و) عام الوفود میں آنے والے دو وفود کے نام بیان کریں؟

(ز) کس صحابی کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "اشدھم فی امر اللہ"؟

(ح) امت وسط سے کیا مراد ہے؟

(ط) مکی اور مدنی دور دعوت کتنے کتنے عرصہ پر محیط ہیں؟

(ی) فرعون کے اس وزیر کا کیا نام تھا جسے فرعون نے خدا کو آسمانوں پر جا کر دیکھنے کے لیے اونچی عمارت بنانے کا حکم دیا؟

(ک) "منہاج السنۃ" کس کی تصنیف ہے؟

(ل) "ثانی اثنین" کسے اور کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر2: نبی اکرم ﷺ کے اسلوب دعوت اور دعوتی حکمت عملی کو جامع انداز میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3: حضرت خدیجہؓ کی دینی و دعوتی خدمات قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4: مخاطب کی نفسیات کے لحاظ سے دعوتی اصولوں پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اسلوب دعوت اور مراحل دعوت تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر6: حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ کی دینی و دعوتی خدمات قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر7: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔(10+10)

(1) اہل کفر سے سماجی تعلقات کے نبوی اصول، (2) مکاتیب نبوی ﷺ، (3) انٹرنیٹ پر دعوت دین

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022**

**Roll No. …………….**

**Subject: Islamic Studies**

**Paper: I-N 15: Al-Fiqah Uloom ul Fiqa (New Course) Time: 3 Hrs. Marks: 100**

سوال:۱(معروضی)درج ذیل اجزاء میں سے دس اجزاء کے اس طرح جواب دیں کہ جزوالف اور جزوب سے تین اور جزوج سے چار سوالات کے جوابات دیں۔ (20)

جزء(الف) (تاریخ وتدوین فقہ)

1۔ عہد تابعین کے دو علمی مراکز کا نام بتائیں۔

2۔ امام شافعی کے دو ممتاز اساتذہ کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

3۔ دو معروف فقہی اداروں کے نام تحریر کریں۔

4۔ الدکتور وہبہ زحیلی کی فقہ پر خاص تصنیف کا نام بتائیں؟

5۔ اجتہاد کی اصطلاحی تعریف کریں۔

6۔ مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ کی فقہ پر خاص کتاب کا نام بتائیں۔

جزء(ب) (اصول فقہ)

1۔ الوجیز فی اصول الفقہ کے مصنف کا نام بتائیں۔

2۔ دلالۃ النص کی مثال سے وضاحت کریں۔

3۔ اصول فقہ کی اصطلاحی تعریف کریں۔

4۔ اصول الشاشی کے مولف کا نام کیا ہے؟

5۔ قیاس کی حجیت پر قرآنی دلیل پیش کریں۔

6۔ اقتضاء النص کسے کہتے ہیں مثال سے واضح کریں؟

جزء(ج) (متن فقہ)

1۔ حالت اضطراری میں ممنوعات کے مباح ہونے پر قرآن کی کوئی آیت یا اس کا ترجمہ تحریر کریں۔

2۔ "بداية المجتهد و نهاية المقتصد" کتاب کس موضوع پر ہے، اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

3۔ حالت حیض میں طلاق کے وقوع کے بارے کیا حکم ہے؟

4۔ جن جانوروں کے حلال و حرام ہونے کے بارے کوئی نص نہیں، ان کا فیصلہ کیسے کیا جائے گا؟

5۔ تخلیل خمر سے کیا مراد ہے، اس کا کیا حکم ہے؟

6۔ سمک طافی سے کیا مراد ہے، مالکیہ کے نزدیک کیا حکم ہے؟

7۔ پوسٹ مارٹم کے عدم جواز کے قائلین کی ایک دلیل ذکر کریں۔

8۔ خلع میں زوجین کی باہمی رضامندی کا کیا حکم ہے؟

## حصہ اول انشائیہ (تاریخ الفقہ)

**سوال نمبر2۔** عہد تبع تابعین میں فقہ اسلامی کے امتیازات، مآخذ اور ممتاز فقہاء کرام کے اسماء گرامی ذکر کریں۔ (10)

**یا**

عہد تدوین میں فقہ حنفی و مالکی کے امتیازات، مآخذ اور ممتاز فقہاء کرام کا تعارف ذکر کریں۔

**سوال نمبر3۔** **ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں۔** (10)

الف: دور جدید کے فقہاء میں سے الدکتور مصطفیٰ زرقا کی خدمات

ب: اسلامی فقہ اکیڈمی انڈیا

## حصہ دوم انشائیہ (اصول الفقہ)

**سوال نمبر4۔** عبد الوہاب خلاف کی اصول فقہ اور عبد الکریم زیدان کی الوجیز کی روشنی میں قرآن یا سنت کی تعریف کریں، اور اس کی اہمیت اور حجیت پر مدلل بحث کریں۔ (10)

**سوال نمبر5۔** ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں: (10)

(الف) عام (اقسام، تعریف اور مثالیں) (ب) امر، نہی (اقسام، تعریف اور مثالیں)

## حصہ سوم انشائیہ (متن الفقہ)

**سوال نمبر6۔** ذیل کی عبارات میں سے کسی ایک جزء کا بامحاورہ ترجمہ کریں، نیز اس مسئلہ میں اختلاف فقہاء دلائل سے واضح کریں۔ (15)

**(الف ) وأباح الشافعية والحنابلة أكل الضَّب والضَّبُع. وعند الشافعية: والثعلب، وحرمه الحنابلة. وحرم الحنفية أكل ذلك كله. وأما المالكية فقد أباحوا مع الكراهة أكل كل السباع كما تقدم.ويجوز بالإجماع أكل الأنعام (الإبل والبقر والغنم) لإباحتها بنص القرآن الكريم كما يجوز أكل الطيور غير الجارحة كالحمام والبط والنعامة۔**

يا

**(ب) قال الحنفية : يجوز التداوي بالمحرم إن علم يقيناً أن فيه شفاء، ولا يقوم غيره مقامه، أما بالظن فلا يجوز. وقول الطبيب لا يحصل به اليقين. ولايرخص التداوي بلحم الخنزير، وإن تعين.وقيد الشافعية حرمة التداوي بالخمر إذا كانت صرفاً، غير ممزوجة بشيء آخر تستهلك فيه. أما الترياق المعجون بها ونحوه مما تستهلك فيه، فيجوز التداوي به عند فقد ما يقوم به، مما يحصل به التداوي من الطاهرات۔**

**سوال نمبر7۔ ذیل کی عبارات میں سے کسی ایک جزء کو مکمل حل کریں۔** (15)

الف۔ عبارت کا بامحاورہ ترجمہ کریں، نیز حق کی انواع کی وضاحت کریں۔

**أنواع الحق:باعتبار صاحب الحق:ينقسم الحق بهذا الاعتبار إلى ثلاثة أنواع: حق الله، وحق الإنسان، وحق مشترك: وهو ما اجتمع فيه الحقان ولكن قد يغلب حق الله أو حق الإنسان الشخصي۔**

يا

ب۔ عبارت کا بامحاورہ ترجمہ کریں، نیز ائمہ کی آراء کی روشنی میں طلاق سنی کی شرائط کی وضاحت کریں۔

**أجمع العلماء على أن المطلق للسنة في المدخول بها هو الذي يطلق امرأته في طهر لم يمسها فيه طلقة واحدة، وأن المطلق في الحيض الذي مسها فيه غير مطلق للسنة، وإنما أجمعوا على هذا لما ثبت من حديث ابن عمر: «أنه طلق امرأته وهي حائض على عهد رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، فقال - عليه الصلاة والسلام -: مره فليراجعها۔**

**سوال نمبر8۔** ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں۔ (10)

(الف) تخییر و تملیک: تعریف، شرائط واحکام (ب) خلع: مفہوم، مترادفات، شرائط

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022**

Roll No. ……………..

**Subject: Islamic Studies** **Paper: IV-1N-15 (Islam & Science) (New Course)** **Time: 3 Hrs. Marks: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوالنمبر1۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

i. علم کی فضیلت میں کسی ایک حدیث کا عربی متن تحریر کیجیے۔

ii. شہد کے دو طبی فوائد تحریر کیجئے۔

iii. علمِ جراحت کا مفہوم واضح کیجیے۔

iv. جابر بن حیان کے ایجاد کردہ دو تیزابات کے نام تحریر کریں۔

v. کائنات میں غور و فکر کی ترغیب دلانے والی کوئی آیت مع ترجمہ لکھیں۔

vi. دورانِ خون کا نظریہ کس مسلمان سائنس دان نے پیش کیا۔

vii. قرآن کریم میں مذکور دو دھاتوں کے نام لکھیں۔

viii. الخوارزمی کون تھے؟ مکمل نام اور سن وفات تحریر کیجیے۔

ix. مضمون "اسلام اور سائنس" پڑھنے کے دو فوائد تحریر کیجیے۔

x. درج ذیل کتب کے مصنفین کے نام لکھیے۔(الف) قرآن اور علم جدید (ب) The Limitations of Science

xi. معلم اول اور معلم ثانی کن سائنسدانوں کے القاب ہیں؟

xii. پاکستان کے زرعی نظام کی بہتری کے لئے چار تجاویز تحریر کیجیے۔

سوال نمبر2: ثابت کیجیے کہ قرآن سائنسی طریقہ کار کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

سوال نمبر3: مسلم جغرافیہ دانوں نے بے مثال خدمات انجام دیں۔ مدلل وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر4: محمد بن زکریا الرازی کی سائنسی خدمات پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: مسلم ماہرین کیمیا کی خدمات پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال نمبر6: اسلامی فن تعمیر کی روشنی میں برصغیر میں مسلمان ماہرین تعمیر کے کارنامے تحریر کیجیے۔

سوال نمبر7: اکیسویں صدی میں مسلم ممالک کی سائنسی پیش رفت کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر8: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) علم ریاضی میں مسلمانوں کی خدمات (ب) ڈارون کا نظریہ ارتقاء

(ج) اسلحہ سازی میں مسلمانوں کی خدمات

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Roll No. …………….**

**M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022**

**Subject: Islamic Studies (New Course)**
**Paper: IV-2N-15 (Islam & Philosophy)** **Time: 3 Hrs. Marks: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

**سوال نمبر ۱: (الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف پانچ کی وضاحت کریں۔(۱۰)**

مشائین، نقیض، جوہر، تجسیم، واجب، عقل فعال، محال

(ب) درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔(۱۰)

(۱) فیثا غوریہ کے نزدیک کائنات کی تشکیل میں کار فرما متضاد عوامل میں کوئی سے دو متضاد عمل تحریر کریں

(۲) مشہور نظم اوڈیسی کس یونانی شاعر کی تخلیق ہے؟

(۳) عدد کن فلاسفہ کے نزدیک کائنات کی اصل ہے؟

(۴) "مرجئہ سے کون لوگ مراد ہیں؟

(۵) نو فلاطونیت کے نزدیک خدا اور دنیا کے درمیان واسطہ کیا ہے؟

(۶) پار مینڈیر کی فلسفیانہ نظم کے دو حصوں کے کیا عنوانات ہیں؟

(۷) مسلم فکر میں فلسفہ وحدت الوجود کا بانی کس کو قرار دیا جاتا ہے؟

سوال نمبر ۲۔ سوفسطائیہ کون تھے ؟ان کی فلسفیانہ فکر اور ان کا تصور علم کو بیان کریں؟

سوال نمبر ۳۔ افلاطون کی شخصیت اور اس کے نظریہ ریاست پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر ۴۔ مسئلہ جبر و قدر پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں؟

سوال نمبر ۵۔ معتزلہ کون تھے ؟انکے کلامی افکار کو تفصیلاً لکھیں ؟

سوال نمبر ۶۔ علامہ اقبال کا فلسفہ خودی کیا ہے ؟اس کے اشعار کی روشنی میں وضاحت کریں؟

سوال نمبر ۷۔۔ اسلام کا فلسفہ اخلاق کیا ہے ؟ایک جامع نوٹ قلم بند کریں

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل میں سے کوئی سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) نوفلاطونیت (ب))ارسطو کا تصور علل اربعہ (ج)اقبال کا تصور خودی

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022**

**Roll No. …………….**

**Subject: Islamic Studies**

**Paper: IV-3N-15: The World of Islam Resources & Problems (New Course)** **Time: 3 Hrs. Marks: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات دیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

**1** کوئی سے دس اجزا کے جواب دیں۔

i) سری نام کس براعظم میں واقع ہے۔

ii) پاکستان کی دو بندرگاہوں کے نام لکھیں۔

iii) بحیرہ کیسپئین کس خطے میں واقع ہے۔

iv) مصطفیٰ کمال پاشا کا تعلق کس ملک سے تھا۔

v) عرب لیگ کب قائم ہوئی۔

vi) عراق پر امریکہ نے کب حملہ کیا۔

vii) جنوبی ایشیا میں واقع دو اسلامی ممالک کا نام لکھیں۔

viii) رقبے کے اعتبار سے مسلم دنیا کے سب سے بڑے ملک کا نام بتائیں نیز یہ کس خطہ میں واقع ہے۔

ix) بنگلہ دیش کب قائم ہوا۔

x) افغانستان کی دو معدنیات کا نام لکھیں۔

xi) پاکستان میں کب اور کون سی سربراہی کانفرنس ہوئی۔

xii) ابو غریب جیل کی وجہ شہرت بیان کریں۔

xiii) حوثی باغی کس ملک میں کس کے ساتھ نبرد آزما ہیں۔

xiv) مورو کن مسلمانوں کو کہا جاتا ہے۔

xv) مندرجہ ذیل کتب کے مصنفین کے نام بتایئے۔

الف) الجہاد فی الاسلام

ب) اسلام اور جدید مادی افکار

2 عالم اسلام کے زرعی وسائل تفصیلاً بیان کریں۔

3 نیو ورلڈ آرڈر سے کیا مراد ہے۔ اس کے پس پردہ عزائم اور عالم اسلام پر اس کے مثبت اور منفی اثرات بیان کریں۔

4 مسئلہ کشمیر کی وجوہات اور عصری صورت حال بیان کریں۔

5 مسئلہ اراکان کی موجودہ صورتحال کا احاطہ کرتے ہوئے حل کی تجاویز پیش کریں۔

6 بھارت میں مسلم دشمنی کے موجودہ اسباب، واقعات اور اثرات پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔

7 عالم سلام کے مسائل کے حل کے لیے جامع تجاویز دیں۔

8 گلوبل ویلیج میں عالم اسلام کی معاشی اہمیت پر مفصل تبصرہ کریں۔

9 مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| الف) عالم اسلام کا اتحاد | ب) عالم اسلام کے افرادی وسائل |
| ج) کوئی سے دو سیاسی مسائل | د) مؤتمر عالم اسلامی |

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022**

**Roll No. …………….**

**Subject: Islamic Studies (New Course)**

**Paper: V-I-N15 (Islam & Modern Political and Social Thought)** **Time: 3 Hrs. Marks: 100**

---

نوٹ: پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ حصہ اوّل اور دوم میں سے دو، دو سوال منتخب کیجئے۔

**سوال1:** درج ذیل میں سے دس اجزاء کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ 20

i. معاشرتی افکار پر شاہ ولی اللہ کی کسی ایک کتاب کا نام تحریر کیجیے۔

ii. حکومت کے تین اساسی اداروں کے نام تحریر کیجیے۔

iii. مکتبہ نسائیت کے دو محرکات تحریر کیجیے۔

iv. نیک عورتوں کی صفات سے متعلق قرآنی آیت اور ترجمہ تحریر کیجیے۔

v. پاپائیت کی تعریف کیجیے۔

vi. اسلامی دستور کے بنیادی ماخذ تحریر کیجیے۔

vii. جرابہ سے کیا مراد ہے؟ اور اس کی قرآنی حد بیان کیجیے۔

viii. بچوں سے شفقت پر رسول اللہ ﷺ کی کوئی ایک حدیث بیان کیجیے۔

ix. عمرانیات کے بانی مسلم مفکر کا نام اور تالیف ذکر کیجیے۔

x. معاشرتی تعبیرات سے کیا مراد ہے؟

xi. جزیہ اور خراج کی وضاحت کیجیے۔

xii. سامراجیت سے کیا مراد ہے؟

## حصّہ اوّل

سوال2: اسلامی سیاسی نظام میں شوریٰ کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے اُسوہ رسول ﷺ اور صحابہ کرام کی زندگی سے استشہاد پیش کیجیے۔ 20

سوال3: حاکمیت اعلیٰ سے کیا مراد ہے اسلامی سیاسی نظام کے چیدہ چیدہ خصائص قلمبند کیجیے۔ 20

سوال4: قوم اور ملت کا فرق واضح کیجیے نیز اسلام کے تصور قومیت پر سیر حاصل بحث کیجیے 20

سوال5: درج ذیل موضوعات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے۔ 10+10

(الف) آزادی و مساوات (ب) اشتراکیت (ج) عدلیہ

## حصّہ دوم

سوال6: اسلامی فکر کی تشکیل میں معاشرتی نظریات کی اہمیت واضح کیجیے نیز معاشرتی تشکیل نو میں اسلامی تعلیمات کے کردار پر روشنی ڈالیے۔ 20

سوال7: دور حاضر میں ثقافتی کشمکش کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے اسلامی ثقافت کی امتیازی خصائص بیان کیجیے۔ 20

سوال8: 'مسجد' کی فضیلت تحریر کیجیے نیز جدید دور میں اس معاشرتی ادارے کو فعال بنانے کے لیے علمی اور عملی سفارشات مرتب کیجیے۔ 20

سوال9: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10+10

(الف) وجوہ تکریم انسانیت (ب) بد نظمی (ج) مقاصد نکاح

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022**

**Roll No. …………….**

**Subject: Islamic Studies (New Course)**
**Paper: V-2-N 15 (Islami Akhlaq o Tassawuf)**
**Time: 3 Hrs. Marks: 100**

نوٹ: سوال نمبر 1 لازمی ہے۔ اس کے علاوہ حصہ اول اور دوم میں سے دو، دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ تمام سوالات کے نمبر یکساں ہیں۔

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل میں سے دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (20)

(i) ایک ایسے اخلاقی عیب کا ذکر کریں جس کے مرتکب کو قرآن میں لعنتی کہا گیا ہے۔

(ii) امام غزالیؒ کی ایک کتاب کا نام تحریر کیجئے۔

(iii) ابن مسکویہ کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(iv) اسلام کے نظام اخلاق کا کوئی ایک امتیازی پہلو بیان کریں۔

(v) نظریہ ''وحدۃ الشہود'' کی مختصر تعریف کیجئے۔

(vi) انبیاء کی دعوت کے تین مشترکہ نکات تحریر کیجئے۔

(vii) سلسلہ قادریہ کے بانی کون سے بزرگ ہیں؟

(viii) شکر پر کوئی آیت یا حدیث تحریر کیجئے۔

(ix) ''فتوحات مکیہ'' کے مصنف کا نام تحریر کیجئے۔

(x) حدیث جبریل علیہ السلام میں ''احسان'' سے کیا مراد ہے؟

(xi) صوفیاء کی اصطلاح میں ''مراقبہ'' سے کیا مراد ہے؟

(xii) بہاؤالدین ذکریاؒ کا کس سلسلہ تصوف سے تعلق ہے۔

(ورق الٹیے)



P.T.O

حصہ اول (اخلاق)

سوال نمبر 2: وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ پر مدلل دلائل دیجئے۔ 20

سوال نمبر 3: اخلاق رذیلہ انسانی کردار پر کیا منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ تفصیلاً تحریر کیجئے۔ 20

سوال نمبر 4: عقیدہ توحید انسانی زندگی پر کیا مثبت اثرات مرتب کرتے ہیں۔ تفصیلاً تحریر کیجئے۔ 20

سوال نمبر 5: مسلم فلاسفہ اخلاق کی تعلیمات کا بھرپور جائزہ لیجئے۔ 20

حصہ دوم (تصوف)

سوال نمبر 6: تصوف کی تاریخ، ضرورت اور اہمیت پر تفصیلی مضمون تحریر کیجئے۔ 20

سوال نمبر 7: ہندوستان میں دعوت وتبلیغ کے کام کے حوالے سے حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔ 20

سوال نمبر 8: حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تعلیمی واصلاحی خدمات پر جامع نوٹ تحریر کیجئے۔ 20

سوال نمبر 9: درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجئے۔ 10+ 10 = 20

(الف) حضرت جنید بغدادیؒ (ب) حضرت ابن عربیؒ (ج) شاہ ولی اللہؒ

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

## M.A./M.Sc. Part – II Annual Examination – 2022

Roll No. …………….

**Subject: Islamic Studies**

**Paper: V-3-N15 (Islam & Modern Western Thought) (New Course)** **Time: 3 Hrs.** **Marks: 100**

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے۔ بقیہ میں سے کوئی سے چار سوالات کے جواب دیجئے۔

**Q.1. Answer any Ten from the following: (10 x 2 = 20)**

سوال نمبر ۱: دس سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔

i. Write down the names of any three Western Countries. مغربی ممالک میں سے تین کے نام تحریر کریں۔

ii. What are the Jewish Protocols? یہودی پروٹوکولز سے کیا مراد ہے؟

iii. What is Atheism? الحاد پرستی سے کیا مراد ہے؟

iv. Write down any two impacts of Reformation on Christianity. تحریک اصلاح مذہب کے عیسائی دنیا پر دو اثرات لکھئے۔

v. Write down any two impacts of objections on Hadith on Muslims.
حدیث پر مستشرقین کے اعتراضات کے مسلمانوں پر دو اثرات لکھے۔

vi. Write down the name of any two books of Orientalists in which they have raised objections on Hadith.
حدیث پر اعتراضات کے حوالے سے مستشرقین کی دو کتب کے نام لکھئے۔

vii. Write down any two positive characteristics of Western Civilization. مغربی تہذیب کی کوئی سے دو خوبیاں بیان کیجئے۔

viii. Write down the names of two ulamas of sub-continent who have responded to western objections.
برِ صغیر کے دو علماء کے نام لکھئے جنہوں نے مغربی اعتراضات کے جواب دیئے ہیں۔

ix. Write down any two positive works of Orientations on Hadith and Ulum al Hadith.
حدیث و علوم حدیث میں مستشرقین کے دو مثبت کارنامے تحریر کریں۔

x. Write down the names of two moderate orientations.
دو معتدل مزاج مستشرقین کے نام تحریر کریں۔

xi. What was the reason of writing "Khutbaat-e-Ahmadiyya", according to Sir Sayyed Ahmad Khan.
سر سید احمد خاں کے "خطبات احمدیہ" کی وجہ تالیف کیا بیان کی ہیں؟

xii. Write down any two positive impacts of Western Thoughts on Islamic World.
مغربی فکر کے عالم اسلام پر دو مثبت اثرات تحریر کریں۔

xiii. Write down the names of any two orientalists who converted to Islam.
مستشرقین میں سے دو ایسے نام لکھئے جو مسلمان ہوئے۔

Q.2. Write a detailed note on Materialism Movement.

سوال نمبر ۲: تحریک مادیت پر مفصل نوٹ لکھئے۔

Q.3. Explain in detail the attitude of West on Jihad.

سوال نمبر ۳: جہاد کے بارے مغربی رویہ کی وضاحت کریں۔

Q.4. Write down a detailed comparative analysis of Western and Islamic Thought on the status of Women.

سوال نمبر ۴: عورت کے مقام و مرتبہ میں اسلامی اور مغربی فکر کا موازنہ پیش کریں۔

Q.5. Write down the aims and objectives of orientalism.

سوال نمبر ۵: تحریک استشراق کے مقاصد واہداف بیان کریں۔

Q.6. Describe in detail the concept of Islamic Universalism.

سوال نمبر ۶: اسلام کا تصور بین الا قوامیت کو بیان کیجئے۔

Q.7. West usually distort historical incidents. Please discuss with arguments.

سوال نمبر ۷: اہلِ مغرب تاریخی واقعات کو مسخ کرتے ہیں اس پر دلائل پیش کیجئے۔

Q.8. How West implement their ideologies in Islamic World. Please write in detail.

سوال نمبر ۸: مسلم ممالک میں اہلِ مغرب کس طرح اپنے افکار کو نافذ کرتے ہیں۔ سیر حاصل بحث کریں۔

Q.9. Write down the answers of any **TWO** parts of the following:

i. Write down the principles of inert-faith dialogue.
ii. Write down the western attitude of west about Seerah of Prophet (P.B.U.H.).
iii. Please analyze the efforts of Ulama to understand the western thought.

سوال نمبر ۹: کوئی سے دو اجزاء کے جواب مطلوب ہیں:

(الف) مکالمہ بین المذاہب کے اصول لکھئے۔

(ب) اہل مغرب کا سیرت طیبہ ﷺ کے بارے رویہ بیان کریں۔

(ج) مغربی فکر کی تفہیم کے لئے علماء کی کوششوں کا جائزہ لیجئے۔